معاشرہ کی مہلک بیماریاں اور ان کا علاج | تصنیف: شیخ احمد بن حجر۔ قطر۔

ترجمہ: نصیر احمد ملّی۔ صفحات: ۷۲۸ قیمت ۱۰۰/- روپے۔ ناشر: مکتبہ قدوسیہ غزنی سٹریٹ، اُردو بازار۔ لاہور۔

یہ کتاب ترجمہ ہے عربی کتاب "تطہیر المجتمعات من ارجاس المعاصی والموبقات" کا۔ جو شیخ احمد بن حجر کی تالیف ہے۔ موصوف قطر میں محکمۂ شرعیہ اُولیٰ کے قاضی ہیں۔

اس کتاب میں گناہوں کی تفصیل اور ان کا بُرا انجام بتایا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ نیک عمل کرنے والوں کے لیے اُخروی انعامات کا ذکر کیا گیا ہے۔ تقریباً ۷۰ کبیرہ گناہوں کی تفصیلات، قرآن و حدیث کی روشنی میں دی گئی ہیں۔ کبائر کے موضوع پر یہ ایک جامع کتاب ہے ۔س میں اخلاقی، معاشرتی اور معاشی غرض ہر قسم کے معاصی و منکرات کی وضاحت کے ساتھ ساتھ ان سے اجتناب کرنے کی تلقین کی گئی ہے۔ فرد اور معاشرے کی اصلاح کے حوالے سے یہ ایک اہم اور مفید کتاب ہے۔ جو خوب صورت ٹائیٹل کے ساتھ مزیّن ہے۔ (رفیق چوہدری)

سیکولرازم یا اسلام | مرتبہ: خالد حامدی۔ ناشر: ادارۂ شہادتِ حق۔ پوسٹ بکس نمبر ۹۷۰۲۔ جامعہ نگر نئی دلی ۱۱۰۰۲۵ (بھارت) صفحات: ۱۶۴ سائز: ۲۰×۳۰/۸ قیمت: ۱۵/- روپے۔

خالد حامدی صاحب نے اس کتاب میں سیّد ابو الاعلیٰ مودودیؒ، سید حامد علی، مولانا صدرالدین اصلاحی، مولانا محمد یوسف، ڈاکٹر محمد ناصر، محمد نجات اللہ صدیقی اور جناب انعام الرحمٰن خاں کے مقالات یکجا کر دیئے ہیں اور گزارشِ اوّل کے عنوان سے پُرمغز مقدمہ خود رقم کیا ہے۔ موضوع کتاب کے نام سے واضح ہو جاتا ہے اور یہ بات بھی عیاں ہے کہ نہ صرف اسلام بلکہ جملہ مذاہب کے لیے سیکولرازم کھلا چیلنج ہے۔ ہمارے نزدیک یہ ایک قابلِ مطالعہ کتاب ہے۔ فاضل مؤلف نے ایک نہایت مفید کام کیا ہے۔

(سیّد نظر زیدی)